# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۳ء (سالانہ)

## ماڈل پیپر

## اُردُو (متبادل کورس)

کل نشانات: ۷۵ | جماعت دہم۔(سائنس گروپ) | وقت: ۳ گھنٹے

**حصّہ "الف" (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 20% (نشانات ۱۵)**

**حصہ الف: سوال نمبر ا۔ ۱۵ کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل ہے جو تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔**

**حصّہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)**

**۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے :- (۶)**

(i) ایمسٹرڈیم کے مشہور ٹروپن میوزیم میں کون کون سی چیزیں دیکھنے کے قابل ہیں؟

(ii) بنی بخش کی اتنی قدر کیوں کی جاتی تھی؟

(iii) انشقاق کا عمل کس طرح ہوتا ہے؟

(iv) مولانا عبدالمجید سالک نے مولانا حالی کے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

**۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (۶)**

(i) علامہ اقبال کی غزل گوئی اور نظم گوئی کے حوالے سے مختصر رائے دیجیے۔

(ii) مولانا عبدالحلیم شرر نے کس قوم کے ناول لکھے؟ اِن کے تین ناولوں کے نام بھی لکھیے۔

(iii) میر تقی میر کس لقب سے مشہور ہیں؟ اِن کی شاعری کی خصوصیات تین جملوں میں تحریر کیجیے۔

(iv) غلام عباس کی افسانہ نگاری پر چند جملے تحریر کیجیے۔ نیز ان کے افسانوں کے تین مشہور مجموعوں کے نام بھی لکھیے۔

**۴۔ مصنف کے حوالے کے ساتھ سبق "نبی بخش" کا خلاصہ ۔۔یا۔۔ سبق "سونے کا ہار" کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۵)**

**۵۔ شاعر کے حوالے کے ساتھ نظم "کسان" کا مرکزی خیال ۔۔یا۔۔ نظم "عقل و دل" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۵)**

۶۔ (الف) اسمِ ضمیر سے کیا مراد ہے؟ اس کی چار اقسام مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۴)

یا

مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ و محاورات کے جملے بنائیے۔

تیور بدلنا - بے تحاشا - جذبۂ ترحم - میدانِ کارزار - اودھم مچانا - توانائی

(ب) مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ کے واحد بنائیے۔ (۴)

اخبار - حوادث - امور - ادویہ - امور - افلاک

یا

مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ کے متضاد لکھیے۔

ٹیڑھا - ہلکا - باریک - سفید - گرم - شام

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 40% نشانات: ۳۰

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح سبق کے نام اور مصنف کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔ (۸)

(الف) انھوں نے اپنے قوائے ذہنیہ کو محض دماغی ریاضت اور لگاتار غور و فکر سے بدتریج ترقی دی تھی اور اس لیے ان کی لائف کا آغاز معمولی آدمیوں کی زندگی سے کچھ زیادہ چمک دار معلوم نہیں ہوتا لیکن جس قدر آگے بڑھتے جایئے اسی قدر ان میں زیادہ عظمت پیدا ہوتی جاتی ہے یہاں تک کہ ہیروؤں کو معلومی آدمی کی سطح سے بالاتر کر دیتی ہے۔

(ب) بیروی مسّرتوں اور مصنوعی خوشیوں کے پیچھے وہی لوگ بھاگتے ہیں جن کے اپنے سینے ویران ہوتے ہیں ورنہ قدرت نے اپنے فیضان نے سے کسی کو محروم نہیں رکھا اور اپنے خزانوں کے لعل و گہر جھولیاں بھر بھر کر لٹائے ہیں اور انھی میں حقیقی مسّرت کے وہ الماس ہیں کہ ہزار ہزار پہلو رکھتے ہیں اور ہر پہلو مملکتوں کے خزائن پر بھاری ہوتا ہے۔

۸۔ اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں دل چسپ انداز سے خط لکھنے کا طریقہ بتایئے۔ (٦)

**یا**

اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے حادثات میں کمی کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔

۹۔ شعرا کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ (٦)

ملے گا نہ گلچیں کو گل کا پتہ ہر اک پنکھڑی یوں بکھر جائے گی

فرصتِ زندگی بہت کم ہے مغتنم ہے یہ دید جو دَم ہے

**یا**

ہو علم اگر نصیب تعلیم بھی کر دولت جو ملے تو اس کو تقسیم بھی کر

اللہ عطا کرے جو عظمت تجھ کو جو اہل ہیں اس کے ان کی تعظیم بھی کر

۱۰۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم دو صفحات کا مضمون لکھیے۔ (۱۰)

۱۔ سیلاب کی تباہ کاریاں اور ہماری ذمے داریاں

۲۔ کتب خانوں کی اہمیت و افادیت

۳۔ فرسودہ رسم و رواج کی خرابیاں

---